بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

محدث دہلی

جلد ۳	ماہ مئی ۱۹۳۵ء مطابق ماہ صفر المظفر ۱۳۵۴ھ ہجری	نمبر ۱

مناسبات

آغاز جلد سوم

اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ رسالہ "محدث" کے دو سال نہایت عمدگی اور حسن و خوبی سے گزر گئے اب اس اشاعت سے اس کی تیسری جلد شروع ہوتی ہے۔ جن مقاصد کو لیکر "محدث" دنیائے صحافت میں جلوہ گر ہوا تھا ان میں وہ کہانتک کامیاب رہا اور مسلمانوں کی اصلاح و افادہ کی کتنی کوششیں کیں یہ تو محدث نواز قارئین اچھی طرح جانتے ہیں ہمیں کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں ملک کے گوشہ گوشہ اور بیرونِ ملک بعض حصوں میں محدث کی حیرت انگیز بڑھتی ہوئی اشاعت اس کی عام مقبولیت کی کھلی دلیل ہے ہم نے روز اول سے جو اصول اپنے سامنے رکھا تھا یعنی رسالہ کو تجارتی طور پر اشتہارات سے دور رکھکر مفت اسلام مقدس کی خدمت انجام دینی اور صرف دار الحدیث رحمانیہ کے طلبہ و مدرسین کے مضامین نظم و نثر کی اشاعت بفضل اللہ ہم ابتک اسی انوکھی روش پر قائم ہیں اور آئندہ بھی اسی شان و بے مثل خصوصیات سے محدث کو جاری رکھینگے انشاء اللہ

ناظرین کو معلوم ہوگا کہ "محدث" کے تمام اخراجات و انتظامات کا تعلق صرف ایک مخیر ہستی سے ہے یعنی میاں صاحب جناب شیخ عطاء الرحمٰن مدظلہ مہتمم دار الحدیث رحمانیہ ہی کی سعی تبلیغ اور جذبۂ دلی کا یہ ثمرہ ہے جس سے بغیر امتیاز عقائد سارے مسلمان مستفیض ہو رہے ہیں لہذا ہمارے تمام قارئین جناب میاں صاحب موصوف کیلئے دعا کریں کہ خدا تعالیٰ ان کے ان اعمال حسنہ کو قبول فرمائے اور ان خدمتوں کا انہیں بیش از بیش صلہ عطا فرمائے آمین!

سہ ماہی امتحان

دار الحدیث رحمانیہ کا سہ ماہی امتحان امسال نہایت خصوصی طریقہ سے ۵ محرم الحرام مطابق ۱۰ اپریل کو ختم ہوا۔ اس کے بعد ایک دن کی تعطیل رہی جس میں جناب مہتمم صاحب مدظلہ کی طرف سے مدرسہ میں ایک بہترین ضیافت ہوئی اور مختلف قسم کے عمدہ پھلوں کا خاص طور پر انتظام کیا گیا۔ دن بھر طلبہ نے بڑی مسرتوں کے ساتھ جشن تفریح منایا۔ بحمد اللہ امتحان کی نوعیت کے اعتبار سے نتیجہ نہایت شاندار اور امید بخش رہا۔